**دہشت گردی کے باعث ملکی بقاء خطرے میں پڑ گئی ہے، دہشت گردی نے کینسر کی شکل اختیار کر لی ہے۔الطاف حسین**

**صرف ایم کیوایم نہیں بلکہ ملک کی تمام جماعتوں اورعوام کی ذمہ داری ہے کہ وہ ملک کو بچانے کیلئے آگے آئیں**

**دہشت گردی اور مذہبی انتہاء پسندی کے باعث پاکستان پوری دنیا میں بدنام ہورہا ہے، برطانیہ کے شہر مانچسٹر سے دہشت گردی کے الزام میں 12 افراد کو گرفتار کیا ہے جن میں سے 11 کا تعلق پاکستان سے ہے**

**ایم کیوایم کسی بھی قومیت کے خلاف نہیں بلکہ وہ مذہب کے نام پر کی جانے والی دہشت گردی اور مذہبی انتہا پسندی کے خلاف ہے**

**ایم کیوایم پختون عوام کو اپنا بھائی سمجھتی ہے، نائن زیرو کے دروازے پختون بھائیوں کیلئے کھلے ہوئے ہیں**

**پاکستان میں آباد غیر مسلموں کیلئے اقلیت کا لفظ استعمال کرنے کے خلاف ہے، ایم کیوایم انہیں پاکستان کا برابر کا شہری سمجھتی ہے**

**ایم کیوایم خواتین کے ساتھ کی جانے والی زیادتیوں کے خلاف آواز اٹھاتی رہے گی**

**ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر تنظیمی شعبہ جات کے ارکان کے اجلاس سے خطاب**

لندن۔۔۔9، اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے باعث ملکی بقاء خطرے میں پڑ گئی ہے، دہشت گردی نے پاکستان میں کینسر کی شکل اختیار کر لی ہے اور آج صرف ایم کیوایم نہیں بلکہ ملک کی تمام جماعتوں اورعوام کی ذمہ داری ہے کہ وہ ملک کو بچانے کیلئے آگے آئیں۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر تمام تنظیمی شعبہ جات کے ارکان کے اجلاس سے ٹیلی فون پر خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی مرکزی رابطہ کمیٹی میں نئے اراکین کے ناموں کا اعلان بھی کیا۔اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گردی اور مذہبی انتہاء پسندی کے باعث پاکستان پوری دنیا میں بدنام ہورہا ہے اور کل برطانیہ کے شہر مانچسٹر سے پولیس نے دہشت گردی کے الزام میں 12 افراد کو گرفتار کیا ہے جن میں سے 11 کا تعلق پاکستان سے ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے امیج کو بہتر بنانے کیلئے سب کو ملکر کوششیں کرنی ہوں گی اور دہشت گردی کے خلاف ایک آواز ہونا ہوگا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کسی بھی قومیت کے خلاف نہیں بلکہ وہ مذہب کے نام پر کی جانے والی دہشت گردی اور مذہبی انتہا پسندی کے خلاف ہے۔انہوں نے کہا کہ بعض عناصر کراچی میں پروپیگنڈہ کررہے ہیں کہ ایم کیوایم پختونوں کے خلاف ہے، انہوں نے کہا کہ پختون بھائی کسی پروپیگنڈے میں نہ آئیں، ایم کیوایم پختون عوام کو اپنا بھائی سمجھتی ہے، نائن زیرو کے دروازے پختون بھائیوں کیلئے کھلے ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پختون ماں، بہن، بیٹی کو میں اپنی ماں، بہن اور بیٹی سمجھتا ہوں، تمام قومیتوں کی مائیں بہنیں میری مائیں بہنیں ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان میں آباد غیر مسلموں کیلئے اقلیت کا لفظ استعمال کرنے کے خلاف ہے، ایم کیوایم انہیں پاکستان کا برابر کا شہری سمجھتی ہے اور ان کیلئے مساوی حقوق چاہتی ہے۔انہوں نے پورے ملک کی خواتین کو یقین دلاتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم خواتین کے ساتھ کی جانے والی زیادتیوں کے خلاف آواز اٹھاتی رہے گی اور ان کیلئے زندگی کے ہر شعبہ میں مساوی حقوق کی جدوجہد کرتی رہے گی۔

جناب الطاف حسین نے کہا کہ کل کراچی پولیس نے بہادری کا مظاہرہ کرکے شہر میں دہشت گردی کی سازش کو ناکام بنایا ہے جس پر میں نے سی سی پی او کراچی اور دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کرنے والے پولیس اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ میری درخواست پر دہشت گردوں کے خلاف کارروائی میں حصہ لینے والے پولیس افسران واہلکاروں کیلئے وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد کی جانب سے دس دس لاکھ روپے انعام دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ دہشت گردی اور مذہبی انتہاء پسندی کے باعث کراچی سمیت پورا ملک حالت جنگ میں ہے اور ان حالت میں ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران پر لازم ہے کہ وہ چوکس رہیں اور دیانتداری سے اپنے فرائض انجام دیں۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز میں نے صوبہ پنجاب کے 20 اضلاع میں بات کی اور شدید بارشوں کے باوجود نہ صرف ایم کیوایم کے کارکنان اپنے اپنے علاقوں میں جمع تھے بلکہ خواتین بھی بڑی تعداد میں موجود تھیں اور پنجاب بھر کے کارکنان وعوام کی جانب سے سوات میں معصوم لڑکی کو کوڑے مارنے کے خلاف ایم کیوایم کے مؤقف کو زبردست پذیرائی مل رہی ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک بھر میں ایم کیوایم کے تیزی سے پھیلتے ہوئے پیغام اور بڑھتے ہوئے تنظیمی کاموں کے باعث رابطہ کمیٹی میں اضافہ کیا گیا ہے۔انہوں نے رابطہ کمیٹی میں شامل ہونے والے تمام ارکان کو مبارکباد دیتے ہوئے ہدایت کی کہ کارکنان سے نرم لہجہ میں گفتگو کریں، ان سے عزت واحترام سے پیش آئیں اور ان سے حاکمانہ انداز میں بات نہ کریں، رابطہ کمیٹی میں اپنی رکنیت کو اپنے اور اپنے خاندان یا دوست احباب کے مفادات کے بجائے تحریک اور قوم کے اجتماعی مفادات کیلئے استعمال کریں، اقرباء پروری یا پسند ناپسند کی بنیاد پر فیصلہ کرنے کے بجائے میرٹ کی بنیاد پر فیصلے کریں، دیانتداری اور ایمانداری سے اپنے تنظیمی

فرائض انجام دیں اور قوم میں شعوری بیداری کے فروغ کیلئے زیادہ سے زیادہ وقت دیں ۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ رابطہ کمیٹی کے نئے اراکین کو درست فیصلے کرنے کی توفیق عطا فرمائے ، ہمت وحوصلہ دے ، ہمیشہ ثابت قدم رکھے اور ہمیشہ تحریک کا وفادار رکھے ۔ انہوں نے ایم کیوایم کے تمام شعبہ جات کے ارکان سے کہا کہ ملک کے موجودہ حالات کے پیش نظر تمام ارکان نہ صرف اپنی ذمہ داریوں کا احساس کریں اور اپنی ذمہ داری اور مناصب سے انصاف کریں ۔ جناب الطاف حسین نے تمام تر نامساعد حالات اور دشواریوں کے باوجود ہمت وحوصلہ سے کام کرنے والے بلوچ ، پختون ، پنجابی ، سندھی ، سرائیکی ، گلگتی ، کشمیری اور دیگر قومیتوں کے کارکنان کو زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا ۔

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی مشیر داخلہ رحمان ملک سے فون پر گفتگو

## کراچی میں طالبان کی بڑے پیمانے پر آمد اور دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے خطرات پر اپنی تشویش سے آگاہ کیا

## طالبان سندھ میں بھی دہشت گردی کی کارروائیاں کرنا چاہتے ہیں ، بڑی تعداد میں طالبان کی کراچی آمد کا سلسلہ جاری ہے

## بڑھتی ہوئی دہشت گردی سے پاکستان کی سلامتی کو خطرات لاحق ہوگئے ہیں ۔ الطاف حسین

## حکومت دہشت گردی کے خاتمہ اور عوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائیگی ۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی ، رحمٰن ملک

لندن ۔۔۔ 9 اپریل 2009ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی مشیر داخلہ رحمان ملک سے فون پر گفتگو کی اور ان سے کراچی میں طالبان کی بڑے پیمانے پر آمد اور دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے خطرات پر اپنی تشویش سے آگاہ کیا ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ طالبان نے صوبہ سرحد اور بلوچستان کے بعد پنجاب کے مختلف شہروں میں دہشت گردی کی کارروائیاں کیں اور اب وہ صوبہ سندھ میں بھی خودکش حملے ، دھماکے اور دہشت گردی کی کارروائیاں کرنا چاہتے ہیں اور اس مقصد کیلئے بڑی تعداد میں طالبان کی کراچی آمد کا سلسلہ جاری ہے ۔ گزشتہ روز بھی کراچی سے پانچ دہشت گرد گرفتار کئے گئے ہیں جن کے پاس سے بھاری اسلحہ اور گولہ بارود برآمد ہوا ہے جو کراچی میں دہشت گردی کی بڑی کارروائی کرنا چاہتے تھے لیکن کراچی پولیس نے انہیں گرفتار کرکے شہر کو بڑی تباہی سے بچالیا ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ طالبان کی جانب سے بڑھتی ہوئی دہشت گردی سے پاکستان کی سلامتی کو خطرات لاحق ہوگئے ہیں لہٰذا ملک کی بقاء وسلامتی کیلئے دہشت گردی کی بیخ کنی وقت کی ضرورت ہے ۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک نے جناب الطاف حسین کی بات سے اتفاق کیا اور کہا کہ حکومت دہشت گردی کی روک تھام کیلئے مؤثر اقدامات کررہی ہے اور وہ دہشت گردی کے خاتمہ اور عوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے گی ۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک سے کہا کہ کراچی میں دہشت گردوں کی گرفتاری پر پولیس کو انعام اور تعریفی اسناد سے نوازا جانا چاہیے ۔

## ملک بھر میں ایم کیوایم کے بڑھتے ہوئے تنظیمی کام کو مربوط ومنظّم اور تنظیمی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کیلئے لندن میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اجلاس طلب کرلیا گیا

## ڈاکٹر فاروق ستار ، انیس قائم خانی ، شکیل عمر ، وسیم آفتاب اور نیک محمد ہفتہ کے روز لندن روانہ ہونگے

لندن ۔۔۔ 9 ، اپریل 2009ء ۔۔۔ ملک بھر میں ایم کیوایم کے بڑھتے ہوئے تنظیمی کام کو مربوط ومنظّم اور تنظیمی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کیلئے لندن میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا اجلاس طلب کرلیا گیا ہے ۔ تفصیلات کے مطابق رابطہ کمیٹی میں دس اراکین کے اضافہ کے بعد تنظیمی امور کی تقسیم ، ملک بھر میں ایم کیوایم کے بڑھتے ہوئے تنظیمی کام کو مربوط ومنظّم اور تنظیمی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے سلسلے میں طلب کئے گئے اجلاس میں شرکت کیلئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار ، رابطہ کمیٹی کے ارکان انیس قائم خانی ، شکیل عمر ، وسیم آفتاب اور نیک محمد ہفتہ کے روز لندن روانہ ہونگے ۔

## سوات میں طالبان کے ہاتھوں 16 سالہ معصوم بچی کو سر عام کوڑے مارنے کے خلاف ایم کیو ایم کینیڈا کے زیر اہتمام یوم مذمت منایا گیا

## ٹورنٹو ایسٹ، ٹورنٹو ویسٹ، مونٹریال، کیلگری، اوٹاوا اور ونڈسر میں اجلاسوں کا انعقاد، شرمناک واقعہ کے خلاف مذمتی قرارداد بھی منظور کی گئی

## طالبان کے ظلم کا نشانہ بننے والی معصوم بچی سے اظہار ہمدردی کیلئے ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی

## معصوم بچی کو سرعام کوڑے مارنے والے دہشت گردوں اوران کی حمایت کرنے والوں کو سرعام سزا دی جائے۔ایم کیو ایم کینیڈا

ٹورنٹو۔۔۔9 اپریل 2009ء۔۔۔سوات میں طالبان کے ہاتھوں 16 سالہ معصوم بچی کو سرعام کوڑے مارے جانے کے واقعہ کے خلاف ایم کیو ایم کینیڈا کے زیر اہتمام یوم مذمت منایا گیا۔اس سلسلہ میں کینیڈا کے شہروں ٹورنٹو ایسٹ، ٹورنٹو ویسٹ، مونٹریال، کیلگری، اوٹاوا اور ونڈسر میں ایم کیو ایم کے زیر اہتمام مذمتی اجلاس منعقد کئے گئے جن میں اس شرمناک واقعہ کے خلاف مذمتی قرارداد بھی منظور کی گئی اور ظلم کا نشانہ بننے والی معصوم بچی سے اظہار ہمدردی کیلئے ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی۔ایم کیو ایم کینیڈا کے سینٹرل آرگنائزر کینیڈا شکیل اختر نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین گزشتہ کئی برسوں سے ملک بھر کے عوام کو طالبانائزیشن کے خطرے سے آگاہ کرتے آرہے ہیں اور سوات میں معصوم لڑکی پر طالبان نے جس طرح سرعام کوڑے برسائے ہیں اور ساتھ ہی جس طرح پنجاب اور اب سندھ میں جو واقعات ہو رہے ہیں انہوں نے قائد تحریک الطاف حسین کے پیش کردہ خدشات کو درست ثابت کر دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ طالبان اسلام کے نام پر بچیوں کے اسکولوں اور کالجوں کو بموں سے اڑا رہے ہیں اور وہ خواتین کو گھروں سے باہر نکلنے، ملازمت کرنے پر پابندی لگانا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ آج ملک کے حالات اس بات کا تقاضہ کرتے ہیں کہ عوام روز بروز بڑھتے ہوئے طالبانائزیشن کے خطرے کا مقابلہ کرنے اپنی سیاسی وابستگیاں بالائے طاق رکھ کر جناب الطاف حسین کا ساتھ دیں اور طالبانائزیشن کے خطرے کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر کھڑے ہو جائیں۔ایم کیو ایم کینیڈا کے اجلاسوں میں حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ معصوم بچی کو سرعام کوڑے مارنے والے طالبان دہشت گردوں اوران کی حمایت کرنے والوں کو سرعام سزا دی جائے تاکہ آئندہ کوئی بھی اپنی خودساختہ شریعت دوسروں پر مسلط کرنے کی ہمت نہ کر سکے۔

## قوم کی معصوم بیٹی کو اسلام کے نام پر سرعام کوڑے مارنے والے طالبان اور ان کی حمایت کرنے والوں کو گرفتار کر کے سرعام سزا دی جائے ۔ محبان پاکستان متحدہ عرب امارات

## عالم اسلام کے تمام مذہبی اسکالرز بھی طالبان کی جانب سے اپنی خودساختہ شریعت کے نام پر ایک مسلمان بیٹی کو سرعام کوڑے مارنے کے سفاکانہ واقعہ کی کھل کر مذمت کریں

دبئی۔۔۔9 اپریل 2009ء۔۔۔محبان پاکستان متحدہ عرب امارات کے آرگنائزر راے ہدیٰ خان اور مرکزی ایڈہاک کمیٹی کے ارکان نے سوات میں طالبان کی جانب سے 16 سالہ معصوم لڑکی کو سرعام کوڑے مارنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور پاکستان کے صدر آصف زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ قوم کی معصوم بیٹی کو اسلام کے نام پر سرعام کوڑے مارنے والے طالبان دہشت گردوں اوران کی حمایت کرنے والوں کو گرفتار کر کے سرعام سزا دی جائے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے عالم اسلام کے تمام مذہبی اسکالرز سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ طالبان کی جانب سے اسلام اور اپنی خودساختہ شریعت کے نام پر ایک مسلمان بیٹی کو سرعام کوڑے مارنے کے سفاکانہ واقعہ کی کھل کر مذمت کریں تاکہ آئندہ طالبان کو سوات یا ملک کے کسی بھی حصہ میں ایسی گھناؤنی حرکت کرنے کی جرات نہ ہو سکے۔انہوں نے تمام سیاسی جماعتوں، سماجی تنظیموں اور انسانی حقوق کی انجمنوں سے اپیل کی کہ وہ اس واقعہ کے خلاف آواز احتجاج بلند کریں۔انہوں نے کہا کہ طالبانائزیشن کے خلاف اتحاد وقت کا تقاضہ ہے

## طالبان نے سوات میں معصوم لڑکی پر کوڑے برسا کر زمانہ جاہلیت کی یاد تازہ کر دی ہے۔کشور زہرا

## سفاکانہ واقعہ سے پاکستان کا امیج نہ صرف خراب ہوا بلکہ انسانیت دشمن قوتوں کا چہرہ کھل کر سامنے آگیا

## ایم کیو ایم شعبہ خواتین کے زیر اہتمام نارتھ ناظم آباد میں منعقدہ سیمینار سے خطاب

کراچی ۔۔۔9، اپریل2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی انچارج اور رکن قومی اسمبلی کشورزہرا نے کہا ہے کہ طالبان نے سوات میں معصوم لڑکی پر کوڑے برسا کر زمانہ جاہلیت کی یادتازہ کردی ہے جس سے دنیا بھر میں پاکستان کا امیج نہ صرف خراب ہوا بلکہ انسانیت دشمن قوتوں کا چہرہ کھل کر سامنے آگیا۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم شعبہ خواتین نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے زیر اہتمام تعلیم کے موضوع پر منعقد کئے جانے والے خواتین کے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔سیمینار میں تعلیم کی اہمیت پر زور دیا گیا اور سوات میں طالبان دہشت گردوں کی جانب سے سولہ سالہ لڑکی پر کوڑے مارے جانے کے واقعے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی گئی۔اس موقع پر مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والی شعبہ خواتین کی ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھیں، تعلیم کے موضوع پر اجلاس میں علاقے کی خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کر کے خواتین میں تعلیم کے فروغ کیلئے اپنی آراء اور تجاویز پیش کیں۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ کشورزہرا نے کہا کہ تعلیم انسان میں اچھے برے کی تمیز پیدا کرنے کے ساتھ خوبصورت معاشرے کی ضامن ہے۔کم علمی اور جہالت نے ہمیں 21ویں صدی سے بہت پیچھے لا کھڑا کیا ہے، سوات کے واقعہ نے زمانہ جاہلیت کی یادتازہ کردی ہے جس سے دنیا بھر میں پاکستان کا امیج نہ صرف خراب ہوا بلکہ انسانیت دشمن قوتوں کا چہرہ کھل کر سامنے آگیا۔انہوں نے کہا کہ خواتین اپنے بچوں کو خصوصاً بیٹوں کو تعلیم و ہنر کے زیور سے آراستہ کریں تاکہ ان کا آنیوالا مستقبل روشن اور تابندہ ہو سکے اور وہ جہالت کے اندھروں میں روشنی کی کرن بن کر معاشرے میں رول ماڈل کا کردار ادا کرسکیں۔انہوں نے کہا کہ اچھے معاشرے کیلئے اچھی ماؤں کی ضرورت ہوتی ہے اور آخر میں ایک بار پھر سوات کی سولہ سالہ لڑکی چاند بی بی پر کوڑے مارنے کے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے آسیہ صمدانی کے ساتھ ہونیوالے سلوک پر احتجاج کیا گیا اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ ایسے سفاک ظالموں کو سخت سے سخت ترین سزادی جائے تاکہ اس طرح کے ہولناک واقعات معاشرے میں دوبارہ جنم نہ لے سکیں۔

## علمائے حق سوات میں دہشت گردیوں، ملک میں طالبان دہشت گردوں کے حمایتی اور آلہ کاروں کے خلاف فتویٰ جاری کریں، اے پی ایم ایس او کی اپیل

## انسانوں کو کافر کہہ کر گلے کاٹنا اور اپنی نام نہاد کلاشنکوفی شریعت تھوپنا اسلامی نہیں قبائلی رجحان ہے

کراچی ۔۔۔9، اپریل2009ء ۔۔۔آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئر مین و مرکزی کابینہ کے اراکین نے علمائے حق سے اپیل کی ہے کہ وہ سوات میں طالبان کی دہشت گردیوں اور انکی حمایت کرنے والوں کے خلاف فتویٰ جاری کریں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سوات میں 16 سالہ معصوم لڑکی پر ہونے والے غیر شرعی اور غیر اسلامی طریقہ کار کے مطابق ہونے والے ظلم کے خلاف ہر سطح پر آواز احتجاج بلند کی جارہی ہے اور اس واقعہ نے ملک بھر کے عوام کو بیدار کردیا ہے۔انہوں نے کہا کہ طالبان دہشت گردوں کی دہشت گردی کا یہ واقعہ انکے مظالم میں نہایت ہی چھوٹا ہے، انسانوں کو کافر کہہ کر گلے کاٹنا اور اپنی نام نہاد کلاشنکوفی شریعت تھوپنا اسلامی نہیں قبائلی رجحان ہے اور اس رجحان میں فرق کو واضح کرنے کی ذمہ داری ہر طبقہ فکر کے لوگوں پر عائد ہوتی ہے۔انہوں نے نوجوان طالب علموں پر زور دیا کہ وہ طالبانائزیشن کے خلاف اپنا ہر ممکن مثبت کردار ادا کریں، اپنے اپنے علاقوں میں مشکوک اور پراسرار سرگرمیوں پر نظر رکھیں اور کسی بھی مشکوک واقعہ کی اطلاع فوری طور پر قریبی پولیس اسٹیشن کو دیں۔اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ نے صدر آصف علی زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ طالبان دہشت گردوں اور انکے نیٹ ورک کے خاتمے کیلئے فی الفور اقدامات عمل میں لائے جائیں اور اس سلسلے میں تمام حکومتی وسائل کو استعمال میں لایا جائے کیونکہ ملکی سلامیت سے بڑھ کر ملک وقوم کے عوام کو کچھ عزیز نہیں ہے۔

## کراچی میں بجلی کے بحران اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بند کرایا جائے۔حق پرست سینٹرز

کراچی ۔۔۔9، اپریل2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے اراکین سینیٹ نے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی میں بجلی کے بحران اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بند کرایا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی میں بجلی کے بحران کے باعث ہر شعبہ متاثر ہورہا ہے اور شہریوں کے معمولات زندگی درہم برہم ہوکر رہ گئے۔انہوں نے کہا کہ بیروزگاری اور صنعتوں کے بند ہونے کے باعث شہر اور اسکے عوام مایوسی کا شکار ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں بجلی کا بحران یہاں کی ہی معیشت پر انداز نہیں ہورہا ہے بلکہ اس کے اثرات ملک بھر پر مرتب ہورہے ہیں اور شہر کراچی کے عوام کو اس بحران سے نجات کیلئے جس قدر جلد ممکن ہوسکیں عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی کے عوام اب لوڈشیڈنگ اور بجلی کے بحران کے عذاب کو زیادہ عرصہ نہیں جھیل سکتے اور انکی قوت برداشت جواب دے رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ شہر کے عوام اکثریتی رائے کا احترام کرتے ہوئے وفاقی حکومت کو فی الفور کے ای ایس سی کو حکومتی تحویل میں لینا چاہئے اور شہر کے عوام کو بجلی کے بحران سے نجات دلا کر انہیں مایوسیوں کی دلدل سے باہر نکالنے کیلئے فی الفور مثبت اقدامات اٹھائے جائیں۔

## سندھ کے باسیوں کا اتحاد طالبانائزیشن کی سازشوں کو پارہ پارہ کردیگا، اراکین کراچی مضافاتی کمیٹی

## مواچھ گوٹھ ماری پوری سیکٹر اور گلستان مزدور یونٹ میں کارکنان کے اجتماعات سے خطاب

کراچی ۔۔۔9، اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی کمیٹی کے زیر اہتمام گزشتہ روز یونٹ مواچھ گوٹھ ماری پوری سیکٹر اور گلستان مزدور یونٹ میں کارکنان کے اجتماعات کا انعقاد کیا گیا جس میں مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج جز عارف حیدر، یوسف منیر شیخ، اراکین سید معین الدین اور راشد اکرام نے شرکت کی ۔اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ ملک وقوم کو سب سے بڑا خطرہ انتہاء پسندی اور دہشت گردی سے ہے اور اس دہشت گردی اور انتہاء پسندی کے پیچھے کارفرما طالبان دہشت گردوں نے وادی سوات اور قبائلی علاقوں کو اپنے ظالمانہ نظام کے تابع کرلیا ہے اور وہاں ظلم وستم اور قتل وغارتگری کا بازار اسلام کے نام پر گرم رکھا ہے جس سے دین اسلام کا امیج دنیا بھر میں خراب ہورہا ہے ۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ طالبانائزیشن کے خلاف ہر محاذ پر اپنا عملی کردار ادا کررہی ہے اور طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش کو ناکام بنانے کیلئے علمائے کرام سمیت ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے ۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین طالبانائزیشن کے حوالے سے جن خدشات کا اظہار کررہے تھے وہ اب سوات میں ظلم وستم کی صورت میں رونما ہورہے ہیں اور کراچی اور سندھ میں طالبانائزیشن کی سازش کو ناکام بنانے کیلئے سندھ بھر کے عوام کے اتحاد کی جس قدر آج ضرورت ہے اتنی کبھی نہیں تھی ۔کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ طالبانائزیشن کے خلاف عوامی رائے عامہ کو ہر طریقے سے ہموار کریں اور انشاءاللہ تعالیٰ سندھ کے باسیوں کا اتحاد طالبانائزیشن کی سازشوں کو پارہ پارہ کردیگا۔

## تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر ایم کیوایم گلستان جوہر اور نارتھ کراچی سیکٹرز کے کارکنان عدنان صدیقی، رضوان حفیظ، عمران نقوی، ریحان الدین تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج، کورنگی سیکٹر کے کارکن محمد شریف کو غیر معینہ مدت کیلئے تنظیم سے معطل کردیا

## گلستان جوہر کے رہائشی سہیل صدیقی نامی شخص کا ایم کیوایم سے قطعی کوئی تعلق نہیں، رابطہ کمیٹی کی وضاحت

کراچی ۔۔۔9، اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیوایم گلستان جوہر سیکٹر یونٹ A کے کارکنان عدنان صدیقی ولد سرفراز احمد صدیقی اور رضوان حفیظ ولد عبدالحفیظ، ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ A-136 کے کارکنان عمران نقوی ولد قائم حسن اور ریحان الدین ولد فیروز الدین کو فوری طور پر تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے جبکہ ایم کیوایم کی کورنگی سیکٹر یونٹ 73 کے کارکن محمد شریف ولد غلام عباس کو غیر معینہ مدت کیلئے تنظیم کی رکنیت سے معطل کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ تنظیمی نظم وضبط پر سختی سے عمل کرتے ہوئے تنظیم سے خارج ومعطل شدہ سے کسی بھی قسم کا ہرگز کوئی رابطہ نہ رکھیں ۔دریں اثناء رابطہ کمیٹی نے گلستان جوہر سیکٹر کے یونٹ A میں رہائش پذیر سہیل صدیقی ولد محمد وسیم صدیقی نامی شخص سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے جو ایک جرائم پیشہ شخص ہے اور خود کو ایم کیوایم کا کارکن ظاہر کرتا ہے۔

☆☆☆☆☆